PAKISTAN TOBACCO COMPANY

# پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ کا 68 اڑسٹھواں سالانہ اجلاس عام بروز پیر 20 اپریل 2015ء صبح 10:00 بجے بمقام سرینا ہوٹل، خیابان سہروردی، اسلام آباد میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

**(الف) عمومی امور:۔**

1) 31 دسمبر 2014ء کو ختم شدہ سال کے حسابات پر آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

2) بورڈ کے سفارش کردہ حتمی منافع منقسمہ کی منظوری دینا۔

3) آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہروں کا تعین کرنا۔

اسلام آباد: 25 مارچ 2015ء

بحکم بورڈ
**عائشہ رفیق**
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

1) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس **14 اپریل تا 20 اپریل 2015ء** (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرار برائے حصص فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8۔ایف نزد فاران ہوٹل، نرسری، بلاک 6۔ پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی میں 13 اپریل 2014ء تک کاروباری اوقات میں موصول ہونے والی باضابطہ منتقلیاں بروقت تسلیم کی جائیں گی اور ان کے مالکان ووٹ ڈالنے اور منافع منقسمہ کے بھی حقدار ہوں گے۔

2) اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کا مستحق کوئی بھی ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے فرد کو قائم مقام (پراکسی) مقرر کر سکتا ہے۔ جسے اجلاس میں کمپنی کے اصل ممبر کی جگہ شرکت کرنے، بحث میں حصہ لینے اور ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہوگا۔ قائم مقام افراد (پراکسی) کے فارم اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرار بابت حصص کے دفتر میں لازمی طور پر جمع کرا دیے جائیں۔ تاہم کسی ڈیفالٹ یا کوتاہی کی صورت میں قائم مقام (پراکسی) کا فارم درست تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

3) سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) کے اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، حسب ذیل شرائط کے تحت اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں:

**(الف) ذاتی طور پر:**

i) ذاتی طور پر شرکت کرنے والے ممبران اجلاس کے موقع پر اپنے Participant کا شناختی نمبر اور اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ نمبر، اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اپنے ہمراہ لائیں۔

ii) کاروباری ادارہ ہونے کی صورت میں شرکت کنندگان، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ایسا حکم نامہ یا مختار نامہ پیش کریں جس پر نامزد ممبر کے دستخط موجود ہوں۔

**(ب) قائم مقام فرد (پراکسی) کے ذریعے:**

i) انفرادی طور پر شرکت کرنے کی صورت میں مذکورہ بالا نوٹ نمبر 2 میں تحریر کردہ پراکسی فارم نیابت نامہ پیش کرنا ضروری ہوگا۔

ii) پراکسی فارم کی تصدیق دو ایسے افراد کی گواہی پر کی جائے جن کے نام اور شناختی کارڈ نمبرز، پراکسی فارم نیابت نامے پر درج ہوں۔

iii) بینیفیشل اونرز یا اُن کے قائم مقام افراد (پراکسی)، فارم کے ہمراہ اپنے تصدیق شدہ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقل ضرور فراہم کریں۔

iv) قائم مقام فرد (پراکسی) کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھانا لازمی ہے۔

v) کسی کاروباری ادارے کی طرف سے شرکت کے سلسلے میں شرکت کنندگان اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جاری کردہ ایسا حکم نامہ یا مختار نامہ، کمپنی کو پیش کریں جس پر نامزد ممبر کے دستخط موجود ہوں۔

4) ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار برائے حصص کو بروقت مطلع کریں۔ جبکہ وہ ممبران جنھوں نے ابھی تک اپنے غیر منسوخ شدہ (Valid) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کو فراہم نہیں کی ہے، اُن سے گزارش ہے کہ وہ اس کی نقل جلد از جلد ہمارے شیئر رجسٹرار کو براہِ راست ارسال کر دیں۔

5) ڈیویڈنڈ انکم پر ودہولڈنگ ٹیکس میں تبدیلی

برائے مہربانی نوٹ کرلیں کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 اور فنانس ایکٹ 2014 کے مطابق ڈیویڈنڈ انکم پر 'فائلر' اور 'نان فائلر' شیئر ہولڈرز کیلئے بالترتیب 10% اور 15% ودہولڈنگ ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق پرنسپل شیئر ہولڈر کے ساتھ ساتھ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کی صورت میں شیئرز کے تناسب سے ان کے اسٹیٹس پر 'فائلر/ نان فائلر' ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین کیا جائے گا۔